سوال نمبر:۔ 12761

منجانب:۔ **محترمہ حمیرہ خاتون صاحبہ، رکن صوبائی اسمبلی، صوبہ خیبر پختونخوا۔**

نمبر شمار	سوال	جواب
(الف)	کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ آیا یہ درست ہے کہ پشاور میں واقع ٹیچنگ ہسپتالوں میں نرسز کیلئے واش رومز کی سہولت دستیاب نہیں ہے؟	اس سلسلے میں عرض ہے کہ پشاور کے تین بڑے ہسپتالوں کے جوابات کے مطابق نرسز کیلئے الگ واش رومز اور ڈے کیئر سنٹر کی تفصیل درجہ ذیل ہے۔ **۱۔ لیڈی ریڈنگ ہسپتال پشاور** مذکورہ ہسپتال میں نرسز کیلئے علیحدہ واش رومز کی سہولت موجود ہے جبکہ ڈے کیئر سنٹر کا قیام زیر غور ہے۔ **۲۔ خیبر تدریسی ہسپتال پشاور** مذکورہ ہسپتال کے کچھ وارڈوں کے علاوہ باقی تمام وارڈوں میں نرسز کیلئے علیحدہ واش رومز موجود ہیں جہاں الگ واش رومز نہیں ہیں انکو Renovation Project کے PC-I میں شامل کیا گیا ہے جبکہ ڈے کیئر سنٹر کا قیام بھی پراجیکٹ کے فیز 2 میں مکمل ہو جائے گا۔ **۳۔ حیات آباد میڈیکل کمپلیکس پشاور** مذکورہ ہسپتال میں نرسنگ عملہ کیلئے علیحدہ واش رومز کی سہولت موجود ہے جبکہ ڈے کیئر سنٹر کے لیے مناسب جگہ کا فقدان تھا لیکن زیر تعمیر نئے بلاک میں ڈے کیئر سنٹر کے قیام کا منصوبہ شامل ہے۔
(ب)	اگر (ا) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت ہسپتالوں میں نرسز کیلئے الگ واش رومز بنانے کا ارادہ رکھتی ہے نیز سرکاری ہسپتالوں میں نرسز کے بچوں (چھوٹے بچوں) کیلئے الگ ڈے کیئر سنٹرز قائم کرنے کی کوئی تجویز حکومت کے زیر غور ہے وضاحت کی جائے۔	جیسا کہ ضمیمہ الف میں درج ہے۔

Scanned with CamScanner